نبوت کے آثار میں سے کچھ باقی نہیں رہا ہے سوائے مبشرات کے۔

ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلى الله عليه وسلم نے فرمایا: نبوت کے آثار میں سے کچھ باقی

ٰ

نہیں رہا ہے سوائے مبشرات کے۔ صحابہ نے یہ سن کر عرض کیا کہ مبشرات سے کیا مراد ہے؟ آپ صلى الله عليه وسلم نے
فرمایا: اچھے خواب۔
[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے۔]

نبی صلى الله عليه وسلم اس بات کی طرف اشارہ کر رہے ہیں کہ نیک اور اچھے خواب خوش خبریوں میں سے ہیں اور یہ سلسلہ وحی کے منقطع ہو جانے کے بعد آثار نبوت میں سے ہے اور کوئی ایسا ذریعہ باقی نہ رہے گا جس سے آئندہ پیش آنے والی باتوں کی خبر ہو سکے ماسوا اچھے خوابوں کے۔

/3795 show/ur/ hadeeth/ global. sunnah:// https